## مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کے کارکن عبدالرشید انصاری کو گولیاں مار کر بیدردی سے شہید کردیا

## عبدالرشید انصاری شہید کے قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔30، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-67 کے کارکن عبدالرشید انصاری کو گزشتہ روز نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے گولیاں مار کر بیدردی سے شہید کردیا۔تفصیلات کے مطابق عبدالرشید انصاری لیاری ایکسپریس وے تیسر ٹاؤن یوسی 5 میں بجلی نہ ہونے کے سبب اپنے رشتہ دار کے گھر کے باہر نیم کے درخت کے نیچے بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک موٹر سائیکل پرسوار دو مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے باعث وہ 3 گولیاں لگنے سے موقع پر ہی شہید ہوگئے۔شہید کی عمر 60 سال تھی اوران کے سوگواران میں بیوہ سمیت 3 بیٹے اور 2 بیٹیاں شامل ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عبدالرشید انصاری کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض سازشی قوتیں ایم کیوایم کی پرامن پالیسی اور عوام کی بے لوث خدمت کے عمل سے بوکھلاہٹ کا شکار ہوچکی ہے کیونکہ اس کے سبب ایم کیوایم کی مقبولیت میں دن بدن اضافہ ہورہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سازشی عناصر یہ نہیں چاہتے کہ ایم کیوایم شہر میں امن قائم رکھے اورعوام کی بلاتفریق خدمت کا عمل جاری رکھے یہی وجہ ہے کہ آئے روز اور دن دیہاڑے ایم کیوایم کے معصوم و بے گناہ کارکنان کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا جارہا ہے تاکہ شہر کے امن وامان کو تہس نہس کیا جاسکے۔رابطہ کمیٹی نے عوام وکارکنان سے اپیل کی کہ وہ قتل وغارتگری کے واقعات پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اوراپنے درمیان اتحاد برقراررکھیں۔رابطہ کمیٹی نے عبدالرشید شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کے کارکن عبدالرشید انصاری کی شہادت کا فی الفور نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے۔

## ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کے کارکن عبدالرشید انصاری کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔30، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-67 کے کارکن عبدالرشید انصاری کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## جماعت اسلامی ملک کو تباہی وبربادی کے دہانے پر پہنچانے والے خفیہ ہاتھوں کی پروردہ ہے اورخفیہ ہاتھوں کی تمام سازشوں میں برابر کی حصہ دار رہی ہے۔ترجمان متحدہ قومی موومنٹ کراچی

## 12 مئی کی سازش میں جماعت اسلامی بھی پوری طرح ملوث تھی یہی وجہ ہے کہ خفیہ ہاتھوں کا ذکر آنے پر جماعت اسلامی کو آگ لگ گئی ہے

## 12 مئی کی سازش میں جماعت اسلامی کا کیا کردار تھا وقت آنے پر اس کے ثبوت وشواہد بھی قوم کے سامنے پیش کئے جائیں گے

## جماعت اسلامی کی شرافت کا لبادہ اترچکا ہے اوراسکے دہشت گرد خود قوم کے سامنے آکر اسکے گھناؤنے جرائم کا اعتراف کررہے ہیں

کراچی۔۔۔30 جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی کے ترجمان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی ملک کو تباہی وبربادی کے دہانے پر پہنچانے والے خفیہ ہاتھوں کی پروردہ ہے اورخفیہ ہاتھوں کی تمام سازشوں میں برابر کی حصہ دار رہی ہے۔جماعت اسلامی کے ترجمان کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے اپنے ایک بیان میں ایم کیوایم کراچی کے ترجمان نے کہا کہ حقیقت تو یہ ہے کہ خفیہ ہاتھوں نے 12 مئی کی جوسازش تیار کی تھی اس میں جماعت اسلامی بھی پوری طرح ملوث تھی یہی وجہ ہے کہ خفیہ ہاتھوں کا ذکر آنے پر جماعت اسلامی کو آگ لگ گئی ہے۔ترجمان نے کہا کہ 12 مئی کی سازش میں جماعت اسلامی کا کیا کردار تھا وقت آنے پر اس کے ثبوت وشواہد بھی قوم کے سامنے پیش کئے جائیں گے۔ترجمان نے کہا کہ شرافت کے لبادے

میں اسلام کے نام پر دہشت گردی کی کارروائیاں اور مجرمانہ سرگرمیاں انجام دینا جماعت اسلامی کی روایت ہے مگر اب جماعت اسلامی کی شرافت کا لبادہ اتر چکا ہے اور اب تو اس کے دہشت گرد خود قوم کے سامنے آکر اس کے گھناؤنے جرائم کا اعتراف کررہے ہیں۔جس کی حالیہ اور تازہ ترین مثال لاہور میں سری لنکا کی کرکٹ ٹیم پر حملہ تھا جس میں ملوث دہشت گرد نے لاہور میں پولیس کے حکام اور میڈیا کے سامنے خود اعتراف کیا کہ وہ اور دیگر دہشت گرد نے سری لنکا کی ٹیم پر حملے سے قبل دو روز تک منصورہ میں قیام کیا جو کہ جماعت اسلامی کا ہیڈ کوارٹر ہے۔منصورہ ہی میں ان دہشت گردوں کو کارروائی کیلئے اسلحہ فراہم کیا گیا۔مگر جماعت اسلامی چور مچائے شور کے مصداق دوسروں پر بہتان تراشیوں کی پرانی عادت اور روایت پر گامزن ہے۔جماعت اسلامی کے اسی منفی اور گھناؤنے کردار کی وجہ سے ملک کے عوام جماعت اسلامی کو ہر انتخابات میں مسترد کررہے ہیں۔

## کراچی میں دہشت گردی سے اور سندھ میں لینڈ مافیا سے نمٹنے کیلئے فورسز کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے،اراکین سندھ اسمبلی فورسز میں علاقائی اور مقامی سطح کے اہلکاروں اور افسران کو ترجیح دی جائے

کراچی۔۔۔30،جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کراچی میں دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے اسپیشل پروٹیکشن گروپ قائم کرنے اور سندھ میں لینڈ مافیا کے خلاف کارروائی کیلئے اینٹی انکروچمنٹ فورس بنانے کے فیصلوں کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور کہا کہ ہے دہشت گردی اور لینڈ مافیا سے نمٹنے کیلئے فورسز کے قیام میں مقامی سطح کے اہلکاروں اور افسران کو ترجیح دی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک حالت جنگ میں ہے اور طالبان دہشت گردوں کی جانب سے اندرون ملک شہروں میں خودکش بم دھماکوں کی کارروائیوں کے باعث معصوم و بے گناہ لوگوں کی جانیں ضائع ہورہی ہیں اور صوبائی اور شہری سطح پر لینڈ مافیا اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے فورسز کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی سے اسی صورت میں ٹھوس اور عملی طور پر نمٹا جاسکتا ہے جب فورسز میں علاقائی اور مقامی سطح کے لوگوں کو میرٹ کی بنیاد پر شامل کیا جائے۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے امید ظاہر کی کہ حکومتی سطح پر دہشت گردی اور لینڈ مافیا کے خاتمے کیلئے جلد اور ٹھوس کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ہر وہ اقدامات اٹھائے جائیں گے جن سے دہشت گردوں اور لینڈ مافیا کے حوصلوں کو پست کیا جاسکے اور ان کا قلع قمع کیا جاسکے۔

## نوابشاہ کے حق پرست تعلقہ ناظم عبدالرؤف نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی صوبہ پختونخواہ کے متاثرہ خاندانوں کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں کیلئے ایک ٹرک پر مشتمل امدادی سامان کا عطیہ دیدیا

کراچی۔۔۔3،جون 2009ء

نوابشاہ کے حق پرست تعلقہ ناظم عبدالرؤف نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے صوبہ پختونخواہ کے مختلف علاقہ جات کے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے ایک ٹرک پر مشتمل امدادی سامان کا عطیہ دیا ہے جس کی مالیت لاکھوں روپے ہے۔متاثرہ خاندانوں کیلئے ایک ٹرک امدادی سامان کا یہ عطیہ انہوں نے گزشتہ روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کے دورے کے موقع پر دیا اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین شبیر قائم خانی،انور سلیم اور حبیب بلیدی بھی موجود تھے۔امدادی اشیاء میں خشک اجناس اور ادویات بڑی مقدار میں شامل ہیں۔حق پرست تعلقہ ناظم عبدالرؤف نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور متاثرہ خاندانوں کیلئے امدادی سرگرمیاں جاری رکھنے والے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا کراچی میں صوبہ پختونخواہ کے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے امدادی اشیاء کی وصولی،پیکنگ اور چھانٹی کے کام کے بعد روانگی کا سلسلہ جاری ہے۔

## جوتحریکیں نظم وضبط سے غافل رہتی ہیں وہ کبھی کامیاب نہیں ہوتی، چیئرمین اے پی ایم ایس او
## میرپورخاص سیکٹر کی تنظیم نو کے موقع پر کارکنان سے خطاب

میرپورخاص۔۔۔2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن میرپورخاص سیکٹر کی تنظیم نو کا اعلان کر دیا گیا یہ اعلان اے پی ایم ایس او چیئرمین وحیدالزماں اور مرکزی کابینہ کے سیکریٹری جنرل نعمان علی، جوائنٹ انچارج عمران معین نے گزشتہ روز میرپورخاص میں جنرل ورکرز اجلاس کے موقع پر کیا اور سیکٹر کمیٹی کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی۔ جنرل ورکرز اجلاس میں میرپورخاص کے مختلف تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے اے پی ایم ایس او کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین وحیدالزمان ومرکزی کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ اے پی ایم ایس او نے اپنے قیام کے مختصر عرصے میں جس طرح تحریکی کاموں کو آگے بڑھایا ہے وہ قابل ستائش ہے۔انہوں نے کہا کہ نظم وضبط کی پابندی ہر کارکن کی بنیادی ذمہ داری ہے اور جو تنظیمیں نظم وضبط سے غافل رہتی ہیں وہ کبھی بھی کامیابی حاصل نہیں کرپاتی۔انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حالات میں تمام کارکنان خود کو ذہنی وجسمانی طور پر تیار کرلیں اور آنے والے حالات پر کڑی نظر رکھیں۔انہوں نے تمام کارکنان پر زور دیا کہ وہ قائدتحریک الطاف حسین کے بیانات کا بغور مطالعہ کریں اور قائد کی پیغام کو عام کریں۔آخر میں انہوں نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور کہا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرتے ہوئے تحریکی کاموں کو آگے بڑھائیں گے۔

## کراچی میں طالبان دہشت گرد مختلف روپ میں آبادیوں کے درمیان رہائش پذیر ہیں اور
## ان کی نشاندہی کرنا سب کا دینی، قومی اور اخلاقی فرض بھی ہے، انچارج کے ایم او سی
## گلستان مزدور یونٹ میں کارکنان کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔30، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج کے ایم او سی نے کہا ہے کہ طالبان دہشت گرد دین اسلام کی تعلیمات کے برخلاف عمل کررہے ہیں اور پوری دنیا میں اسلام کے تشخص کو خراب کررہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت گلستان مزدور یونٹ میں منعقدہ کارکنان کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج بھی موجود تھے۔فرخ اعظم نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے سندھ اور بالخصوص کراچی کے عوام کو طالبانائزیشن کے خطرات سے پہلے ہی آگاہ کردیا تھا اور کراچی میں گزشتہ دنوں پکڑے جانے والے کئی دہشت گرد جن کا تعلق طالبان دہشت گردوں سے تعلق ثابت ہوچکا ہے ان کے پاس سے جدید آتشی اسلحہ برآمد ہوا جو کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے تھا۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں طالبان دہشت گرد مختلف روپ میں آبادیوں کے درمیان رہائش پذیر ہیں اور ان کی نشاندہی کرنا سب کا دینی، قومی اور اخلاقی فرض بھی ہے۔فرخ اعظم نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں ایسے شرپسند اور دہشت گرد عناصر پر کڑی نگاہیں رکھیں اور کسی بھی پراسرار اور مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع قانون نافذ کرنے والے اداروں کو فی الفور دیں تا کہ سندھ اور کراچی کو دہشت گردانہ کارروائیوں سے محفوظ رکھا جاسکے۔

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن اور بلدیہ ٹاؤن سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن شہزاد حسین کے والد عابد حسین اور ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 116 کے کارکن عبدالخالد کی صاحبزادی محترمہ پارس کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆